Ministry of Labour

# غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ، (Employment Protection for Foreign Nationals Act) 2009، کے تحت آپ کے حقوق

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ، 2009 (ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009, EPFNA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای پی ایف این اے (EPFNA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای پی ایف این اے (EPFNA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔ آجرین اور ملازمین قانونی مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق قانون، 2009 (ای پی ایف این اے) (Employment Protection for Foreign Nationals Act, 2009) (EPFNA) کا اطلاق ان غیر ملکی شہریوں پر ہوتا ہے جو ترک وطنی یا غیر ملکی عارضی ملازمت پروگرام کے بموجب اونٹاریو میں کام کے متلاشی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ اونٹاریو میں عارضی غیر ملکی کارکن پروگرام کے تحت کام کر رہے ہیں یا تلاش کر رہے ہیں تو، ای پی ایف این اے (EPFNA) امکانی طور پر آپ پر لاگو ہوگا۔

یہ معلوماتی پرچہ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت آپ کے حقوق کا خلاصہ فراہم کرتا ہے۔ اونٹاریو میں بر سر ملازمت ایک غیر ملکی شہری کے بطور، آپ کو عام طور پر ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون 2000 (ای ایس اے) (Employment Standards Act, 2000, ESA) کے تحت حقوق بھی حاصل ہوتے ہیں۔ ای ایس اے (ESA) کم از کم اجرت اور کام کے گھنٹوں کے حدود جیسے معیارات کو محیط ہے۔ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت محیط ملازمین کو اس دستاویز کے ساتھ ای ایس اے (ESA) کے تحت حقوق کے بارے میں معلوماتی پرچہ حاصل کرنے کا حق ہے۔

## دیگر زبانیں

اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے تو آپ کے آجر یا بحال کنندہ کو یہ پتہ کرنا ضروری ہے کہ آیا معلوماتی پرچہ وزارت محنت سے آپ کی پہلی زبان میں دستیاب ہے اور، اگر ہے تو، آپ کو ترجمہ شدہ ورژن فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں۔

## بحال کنندہ آپ سے کوئی فیس وصول نہیں کر سکتا

بحال کنندہ کوئی بھی ایسا فرد ہوتا ہے جو آپ کے لیے ملازمت تلاش کرتا یا تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے، آپ کے لیے ملازمت تلاش کرنے میں دوسرے کی مدد کرتا ہے، یا اونٹاریو میں ملازمت تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لیے آپ کو کسی کے پاس بھیجتا

ہے۔ بحال کنندہ آپ کو فراہم کردہ کسی خدمت، سامان یا فائدے کے لیے آپ سے کوئی فیس وصول نہیں کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر، وہ نوکری حاصل کرنے، آپ کی لیبر مارکیٹ امپیکٹ کی تشخیص (ایل آئی ایم اے) (Labour Market Impact Assessment, LMIA) کے لیے یا اونٹاریو میں آپ کے کام شروع کرنے کے لیے درکار کسی اور چیز کے لیے کوئی فیس وصول نہیں کر سکتا/سکتی ہے۔ اضافی خدمات جیسے تمہید، ریزیومے نویسی، انٹرویو کی تیاری، یا فرسٹ ایڈ کے تربیتی اجلاسوں وغیرہ کے لیے، چاہے وہ اختیاری ہوں، آپ سے فیس وصول نہیں کی جا سکتی۔ اس کے علاوہ، بحال کنندہ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی فرد آپ سے ان میں سے کوئی بھی فیس حاصل نہیں کر سکتا ہے۔

## آپ کا آجر آپ سے بحالی کی لاگتیں وصول نہیں کر سکتا (محدود استثناء کے ساتھ)

عام طور پر، اگر آپ کے آجر نے آپ کو بحال کرنے کی فیس ادا کی یا اس پر دیگر لاگتیں آئیں تو وہ آپ سے یہ لاگتیں وصول نہیں کر سکتا اور نہ ہی آپ کی اجرت میں سے انہیں کاٹ سکتا ہے۔ اس میں ایک ہی طرح کے کام سے متعلق چارجز اور فیس شامل ہیں جو آپ کے بحال کنندہ کو آپ سے وصول کرنے سے منع کیا گیا ہے، جیسے آپ کے ایل ایم آئی اے (LMIA) کے لیے۔ تاہم، اگر آپ وفاقی حکومت کے "موسمی زرعی کارکن پروگرام" (ایس اے ڈبلیو پی) (Seasonal Agricultural Worker Program, [SAWP]) کے تحت بر سر ملازمت ہیں تو آپ کا آجر ہوائی سفر کی لاگتیں اور ورک پرمٹس کی لاگتیں کاٹ سکتا ہے اگر ایس اے ڈبلیو پی (SAWP) کے ملازمتی معاہدے کے تحت ان کٹوتیوں کی اجازت ہو۔

## آپ کا بحال کنندہ یا آجر آپ کی ملکیت نہیں لے سکتے

آپ کا بحال کنندہ، آپ کا آجر یا ان میں سے کسی کی بھی جانب سے کام کرنے والا فرد کسی بھی وجہ سے آپ کی ملکیت نہیں لے سکتے۔ ان میں دستاویزات جیسے آپ کا پاسپورٹ یا ورک پرمٹ شامل ہیں۔

## آپ اپنے حقوق سے دستکش ہونے سے اتفاق نہیں کر سکتے

آپ اپنے بحال کنندہ، اپنے آجر، یا اپنے بحال کنندہ یا آجر کے لیے کام کرنے والے کسی فرد کے ساتھ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق سے دستکش ہونے کے معاہدے پر اتفاق یا دستخط نہیں کر سکتے۔ اس طرح کا کوئی بھی اقرار نامہ باطل ہے۔ مثال کے طور پر، اگر آپ اپنے بحال کنندہ کو آپ سے بحالی کی فیس وصول کرنے کی اجازت دیتے ہوئے معاہدے پر دستخط کرتے ہیں تو وہ معاہدہ باطل ہوگا۔

## اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انہیں بروئے کار لانے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) یا ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کے حقوق دیئے جائیں تو، آپ کا بحال کنندہ، آجر یا ان میں سے کسی کی بھی جانب سے کام کرنے والا کوئی شخص کسی بھی طرح سے، بشمول آپ کا ملازمتی رشتہ ختم کرکے آپ کو سزا نہیں دے سکتا۔

آجروں/ بحال کنندگان کو ملازمین / غیر ملکی شہریوں پر درج ذیل کے سبب *کسی بھی طرح* سے جرمانہ عائد کرنے ("ان کے خلاف انتقامی کارروائی کرنے") سے ممنوع قرار دیا گیا ہے:

- کسی فرد سے *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کی تعمیل کرنے کو کہنا،
- *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کے تحت حقوق کے بارے میں سوالات پوچھنا،
- *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کے تحت شکایت درج کرانا،
- *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کے تحت حقوق کو بروئے کار لانا یا بروئے کار لانےکی کوشش کرنا، یا
- ملازمتی معیارات سے متعلق افسر کو معلومات دینا
- *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کے تحت قانونی کارروائیوں میں شرکت کرنا

اگر *غیر ملکی شہریوں کے لیے ملازمت کے تحفظ سے متعلق ایکٹ 2009* کے تحت محیط کوئی غیر ملکی شہری اوپر بیان کردہ امور میں سے کوئی بھی کام انجام دیتا ہے تو آجر یا بحال کنندہ **اس وجہ سے یہ کام *نہیں کر سکتا***:

- ملازم کو نکال دینا،
- ملازم کی تنخواہ کم کر دینا،
- ملازم کو برخاست کر دینا،
- ملازم / غیر ملکی شہری کو سزا دینا،
- ملازم / غیر ملکی شہری کو خوف میں مبتلا کرنا،
- کسی اور طریقے سے ملازم / غیر ملکی شہری پر جرمانہ عائد کرنا،
- غیر ملکی شہری کے لیے ملازمت تلاش کرنے کی کوشش کرنے سے منع کر دینا۔ یا
- ان میں سے کسی بھی کارروائی کی دھمکی دینا۔

## ملازمت کے معیارات سے متعلق افسر کے اختیارات

اگر کوئی آجر مذکورہ بالا کسی بھی وجہ سے غیر ملکی شہری پر جرمانہ عائد کرنے والا پایا جاتا ہے تو، ملازمت کے معیارات سے متعلق افسر کو آجر کو یہ حکم دینے کا اختیار ہے کہ وہ کسی ملازم/ملازمہ کو اس کی نوکری پر پھر سے بحال کرے اور/ یا اس سزا کی وجہ سے ملازم کو ہونے والے کسی خسارے کی تلافی کرے۔

اگر کوئی بحال کنندہ مذکورہ بالا کسی بھی وجہ سے غیر ملکی شہری پر جرمانہ عائد کرنے والا پایا جاتا ہے تو، ملازمت کے معیارات سے متعلق افسر کو بحال کنندہ کو یہ حکم دینے کا اختیار ہے کہ وہ اس تجاوز کی وجہ سے غیر ملکی شہری کو ہونے والے کسی خسارے کی تلافی کرے۔

## اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

اگر ای پی ایف این اے (EPFNA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو، براہ کرم Ontario.ca/EPFNA ملاحظہ کریں یا ملازمتی معیارات کے مرکز اطلاعات (Employment Standards Information Centre) سے 326-7160 (416) (ٹول فری 1-800-531-55511) یا سماعتی معذورین کے لیے TTY 1-866-567-8893 پر رابطہ کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کو ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق حاصل نہیں ہوئے ہیں اور آپ وزارت محنت میں دعوی کرنا چاہتے ہیں تو آپ Ontario.ca/EPFNA پر ایسا کر سکتے ہیں۔

آپ کے پاس ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت اپنے حقوق کا دعوی کرنے کے لیے ڈیڑھ سال کا وقت ہوتا ہے۔ اس بابت کوئی حد نہیں ہے کہ ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت ایک آرڈر جاری ہونے پر کتنی رقم وصول کی جا سکتی ہے۔

براہ کرم نوٹ کر لیں کہ ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA) کے تحت دائر کردہ دعووں پر وقت کی مختلف حدود لاگو ہوتی ہیں۔ **ای ایس اے (ESA) اور ای پی ایف این اے (EPFNA)کے تحت دعوے دائر کرنے کے لیے علیحدہ فارم استعمال کیے جاتے ہیں۔**

ای ایس اے (ESA) کے تحت حقوق کے بارے میں اور ای ایس اے (ESA) کے تحت دعوی دائر کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم *ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون 2000 کے لیے آپ کا رہنما* *(Your Guide to the Employment Standards Act, 2000)*، ملاحظہ کریں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔